# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1۔اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلام اور انسانی حقوق (2960) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے ، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا4)

سوال نمبر 1۔ مغربی قانون کے تحت حقِ زندگی، آزادی اور انصاف کے تصور کی وضاحت کریں اور ان حقوق کی قانونی ضمانتوں کا خلاصہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اسلام میں زندگی کے تحفظ کے حق کی بنیاد اور اس کی اساسی حیثیت کو قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اسلام کے تصورِ احترامِ آدمیت اور انسانی مساوات کی وضاحت کریں، نیز قرآن، حدیث اور سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں اس کے عملی مظاہر بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اسلامی معاشرت میں اجتماعی مفاد، باہمی ہمدردی اور ایتائے حق کے تصور کو افراد کے معاشرتی حقوق کے تناظر میں واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اسلام میں ہمسائے کے حقوق کی وضاحت کریں اور قرآن وحدیث کی روشنی میں ان کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5تا9)

سوال نمبر 1۔ خطبۂ حجۃالوداع کے زمان ومکان (9 ذوالحجہ 10ھ، میدانِ عرفات) کی اہمیت بیان کریں۔ اس خطبے کو "عالمی منشورِ انسانی" کیوں کہا جاتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ عہدِ نبوی ﷺ میں غیر مسلم اقلیتوں کے ساتھ عدلِ اجتماعی کے عملی مظاہر بیان کریں، خصوصاً قتل، قصاص اور قانونی مساوات کے تناظر میں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں معذور افراد کے حقوق بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اسلام کو دینِ فطرت قرار دیتے ہوئے یہ واضح کریں کہ باہمی حقوق کے احترام اور ان کی پامالی سے معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اسلام میں عورت کے حقِ کفالت اور حسنِ سلوک کی بنیاد بیان کریں اور قرآن وحدیث کی روشنی میں شوہر پر عائد معاشی واخلاقی ذمہ داریوں کی وضاحت کریں۔ (20)